رائے عامہ سروے

## صحت

# دنیا بھر میں 31% جوابدہندگان کی نسبت 45% پاکستانی کبھی بھی نہیں یا بہت کم ورزش کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں، پاکستان میں تعلیم کے لیول کے ساتھ جسمانی ورزش کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)،**

(اسلام آباد)، 19 اپریل، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، دنیا بھر میں 31% جوابدہندگان کی نسبت 45% پاکستانی کبھی بھی نہیں یا بہت کم ورزش کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں، پاکستان میں تعلیم کے لیول کے ساتھ جسمانی ورزش کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹر نیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33,236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے صحت کے حوالے سے ذاتی تصورات اور اس سے متعلق عادات کو سمجھنے کیلئے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 15 اکتوبر سے 18 دسمبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹر نیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ ورزش کرتے ہیں؟"**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 29% جوابدہندگان کے مطابق وہ تقریباً ہمیشہ ورزش کرتے ہیں، 16% جوابدہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر ورزش کرتے ہیں، 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ بعض اوقات ورزش کرتے ہیں، 13% جوابدہندگان کے مطابق وہ بہت کم / کبھی کبھار ورزش کرتے ہیں، جبکہ 32% جوابدہندگان کے مطابق وہ ورزش کبھی نہیں کرتے ہیں۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ ورزش کرتے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## ممالک کے اعتبار سے نتائج:

کینیا کے 20% لوگوں کا کہنا ہے کہ وہ کبھی ورزش نہیں کرتے ہیں، اس کے بعد اسی حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح برطانیہ اور امریکا میں 11%، بھارت میں 4% اور چین میں 2% پائی گئی۔

**ممالک کے اعتبار سے نتائج**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## جنس کے اعتبار سے نتائج:

عالمی سطح پر مرد حضرات (10%) کے مقابلے میں خواتین کی زیادہ شرح (11%) کا کہنا ہے کہ وہ کبھی ورزش نہیں کرتی ہیں۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## تعلیم کی بنیاد پر نتائج:

پاکستان میں، تعلیم میں اضافے کے ساتھ اپنی صحت کا خیال رکھنے کے حوالے سے مستقل ورزش کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

### تعلیم کی بنیاد پر نتائج





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

## عمر کے اعتبار سے نتائج:

پاکستان میں، 35 سے 44 سال کی عمر کے افراد کی سب سے زیادہ شرح کے مطابق وہ کبھی ورزش نہیں کرتے ہیں۔

### عمر کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 15 اکتوبر 2021 تا 18 دسمبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, April 19, 2022**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)